RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۶ | مطبوعہ ۱۳ ذیحجہ سنہ ۱۳۱۱ھ روز دوشنبہ مطابق ۱۸ جون سنہ ۱۸۹۴ع | جلد ۶

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۵ جون سنہ ۱۸۹۴ع

آج مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ تقرر پاپوش ساچرن بعہدہ اسسٹنٹ انجنیر محکمہ تعمیرات صیغہ نہر حسب تحریر صاحب چیف انجنیر بمشاہرہ مبلغ ایکسو پچیس روپیہ ماہوار و پچاس روپیہ بھتہ گھوڑی دوسو پچیس روپیہ ماہانہ تاریخ ۲۸ اپریل سنہ ۱۸۹۴ع سے منظور ہے۔

مثل بنابر اجرای احکام اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرتب ہو

دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم   دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر   دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون۔ گزٹ مین درج ہو

۹ رجون ۱۸۹۴ء

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حکم اجلاس کامل واقعہ ۵ رجون ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی چٹھی گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی ملاحظہ ہوئی کہ بھیکم شاہ داروغہ جیل ریاست رامپور ابتک تنخواہ پچہتر روپیہ ماہانہ پاتا تھا اب حسب منشاء گورنمنٹ کونسل سے بالاتفاق تجویز کیجاتی ہے کہ تنخواہ مقررہ نامبردہ پر پچیس روپیہ اضافہ ہوکر کل ایک سو روپیہ ماہانہ کی تنخواہ نامبردہ مین ابتدای یکم اپریل ۱۸۹۴ء کردیجاوے۔ صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر جواب چٹھی تحریر فرمادین۔

مثل بنابر اجراے احکام اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرتب ہو

دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم   دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر   دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون۔ گزٹ مین درج کیا جاوے۔ ۹ رجون ۱۸۹۴ء

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا